**10.11.2024**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ
Music

..................................................................................

☆ جھارکھنڈ اسمبلی کے پہلے مرحلے کے انتخابات کی چناؤ مہم کیلئے اب محض ایک دن باقی رہ گیا ہے اور سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کی ہرممکن کوشش کر رہے ہیں۔ مہاراشٹر میں بھی انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔

☆ جموں وکشمیر کے کشتواڑ ضلع میں دہشت گردوں کے ساتھ آمنے سامنے کی فائرنگ میں، ایک فوجی ہلاک اور تین زخمی ہوگئے۔

☆ روس اور یوکرین نے ایک دوسرے پر ابھی تک سب سے بڑی تعداد میں ڈرون حملے کئے ہیں۔

☆ کرکٹ میں Gqeberha میں بھارت اور میزبان جنوبی افریقہ کے درمیان دوسرا ٹی-ٹوینٹی میچ جاری ہے۔

☆ خواتین کی ایشیائی ہاکی چمپئنز ٹرافی کیلئے بہار کے راجگیر شہر میں تیارمکمل ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ کل شروع ہوگا۔

..................................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

***Jharkhand Campaigning***

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی مہم ختم ہونے میں اب جبکہ محض ایک دن باقی بچا ہے، مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما اپنے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے بھر پور کوششیں کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج ریاست کے گُملا اور بُکارو میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے یہ بات پھر کہی کہ BJP کی قیادت والیNDA سرکار، سب کاساتھ، سب کا وکاس کیلئے عہد بند ہے۔

S/B: PM- Gumla- Vikas

انہوں نے کہا کہ اِس راستے پر چل کر جھارکھنڈ اور بھارت، دونوں کی خاطر خواہ ترقی ہوگی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام رانچی میں 3 کلومیٹر طویل ایک بڑے روڈ شو میں حصہ لیا۔

یہ روڈ شو سخت حفاظتی بندوبست کے ساتھ OTC گراؤنڈ سے شروع ہوا اور Ratu Road پر نیو مارکیٹ چوک پر ختم ہوا۔

وزیر اعظم کی ایک جھلک پانے کیلئے ہزاروں لوگ سڑک کے کنارے کھڑے تھے۔ جناب مودی نے یہ کہتے

ہوئے جھارکھنڈ مکتی مورچہ اور کانگریس کی تنقید کی کہ اُن کے ارادے، ریاست کی ترقی سے میل نہیں کھاتے۔

JMM کے سینئر رہنما اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے رانچی میں ایک چناؤ ریلی کی۔ انہوں نے BJP پر الزام لگایا کہ وہ اُن کے خلاف مرکزی ایجنسیوں کا بے جا استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جھارکھنڈ کے عوام یہ سب دیکھ رہے ہیں اور آنے والے انتخابات میں BJP کو اِس کا زبردست جواب دیں گے۔

S/B: Hemant Soren

اس دوران کوڈرما میں ایک چناؤ ریلی میں RJD کے سربراہ لالو پرساد نے الزام لگایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ترقی کے نام پر عوام کو گمراہ کیا ہے۔پلامو میں ایک عوامی جلسے میں LJP (R) کے صدر چراغ پاسوان نے ہیمنت سورین پر الزام لگایا کہ انہوں نے وزیر اعلیٰ کے طور پر اپنی میعاد کے دوران جھوٹے وعدے کیے۔

کانگریس، AJSU اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے رہنما بھی پوری ریاست میں چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ریاست میں پہلے مرحلے کے چناؤ میں بدھ کو 43 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے جبکہ دوسرے مرحلے میں اِس مہینے کی 20 تاریخ کو 38 سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ x

### *Maharashtra Campagining*

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما اہم معاملات پر اظہارِرائے اور ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کیلئے ریاست بھر میں ریلیوں، روڈ شو اور عوامی جلسوں کا انعقاد کر رہے ہیں۔

وزیر داخلہ اور BJPکے سینئر رہنما امت شاہ نے آج جلگاؤں، ملکاپور اور بلدھانا میں ریلیوں سے خطاب کیا۔

S/B Amit Shah

انھوں نے الزام لگایا کہ اپوزیشن مہاوِکاس اَگھاڑی MVA اتحاد، جھوٹے وعدے کر رہا ہے۔ مرکزی وزیر اور BJPکے سینئر رہنما نتن گڈکری نے ناگپور اور یوَت مال میں جلسوں کا انعقاد کیا۔اِس سے پہلے دن میں، جناب شاہ نے ممبئ میں BJP کا منشور جاری کیا۔دوسری طرف کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے آج MVA اتحاد کا منشور جاری کیا۔

NCP-SP کے سربراہ شرد پوار نے دھاراشِو، احمدنگر اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں، MVA امیدواروں کے حق میں مہم انجام دی۔ شیوسینا UBT کے سربراہ اُدھوٹھاکر نے سولاپور میں ایک عوامی جلسہ کیا۔ x

### *WB Byelection*

مغربی بنگال میں چھ اسمبلی حلقوں Sitai، مداری ہاٹ، نَیہاٹی، ہروَا، میدنی پور اور تال ڈانگرا کیلئے ضمنی انتخابات بدھ کو ہوں گے۔ انتخابی کمیشن اِن سبھی حلقوں میں آزادانہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے جامع اقدامات کر رہا ہے۔امن وقانون برقرار رکھنے کیلئے مرکزی دستوں کی 108 کمپنیاں تعینات کی جائیں گی اور ریاستی پولیس اور تیزی سے کارروائی کرنے والی ٹیموں کا عملہ بھی تعینات کیا جائے گا۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے امیدوار چناؤ مہم میں مصروف ہیں اور ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔x

## PM Special Campaign 4.0

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اُس خصوصی مہم 4.0 کی ستائش کی ہے، جس کے تحت کام کرنے کے مقامات کو مجموعی طور پر صاف ستھرا رکھنے، خالی جگہ کے بندوبست، پائیدار طریقۂ کار کو فروغ دینے اور زیر التوا معاملات کو زیادہ سے زیادہ نپٹانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ خصوصی مہم 4.0 سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہوئے ہیں۔ اِن میں 2021 سے Scrap کو نپٹاکر سرکاری خزانے کیلئے 2 ہزار 364 کروڑ روپے کا حصول شامل ہے۔

مرکزی وزیر جیتندر سنگھ کے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ردّ عمل ظاہر کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ مہم کی کامیابی سے ظاہر ہوتا ہے کہ کس طرح اجتماعی کوششوں سے پائیدار نتائج حاصل ہوتے ہیں اور اِس سے صفائی ستھرائی اور اقتصادی دور اندیشی، دونوں کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ بہتر بندوبست اور سرگرم کارروائی پر کے سبب اِس کوشش سے بڑے نتائج حاصل ہوئے ہیں۔ x

## PM Swaminarayan Mandir

وزیر اعظم نریندر مودی، کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے گجرات کے Vadtal میں شری سوامی نارائن مندر کی 200 ویں سالگرہ کی تقریب میں حصہ لیں گے۔ وہ اِس موقع پر وہاں موجود لوگوں سے بھی خطاب کریں گے۔ Vadtal میں شری سوامی نارائن مندر کئی دہائیوں سے لوگوں کی سماجی اور روحانی زندگی پر اثر ڈال رہا ہے۔ x

## J&K Terrorist

جموں وکشمیر میں ایک جونیئر کمیشنڈ آفیسر JCO نے آج کشتواڑ ضلع کے دور دراز کے ایک جنگلاتی علاقے میں ملک کیلئے اپنی جان قربان کردی اور تین سپاہی شدید طور پر زخمی ہوئے ہیں۔ دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں ایک سراغ ملنے پر حفاظتی دستوں نے کشتواڑ میں Bhart-Ridge علاقے میں ایک مشترکہ کارروائی شروع کی۔ اِس سے پہلے گاؤں کے دو دفاعی محافظ ہلاک ہوگئے تھے۔ اندازہ ہے کہ اِس علاقے میں تین سے چار دہشت گرد چھپے ہوئے ہیں جن کی تلاش جاری ہے۔ اسی دوران، آج شام سرینگر ضلع کے زَبروان جنگلاتی علاقے میں دہشت گردوں کے خلاف ایک اور مشترکہ کارروائی مکمل ہوئی۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ اِس علاقے کا محاصرہ اور تلاش کارروائی آج صبح یہ سراغ ملنے پر کی گئی کہ یہاں دہشت گرد چھپے ہوئے ہیں۔ فوج کی چنار کور کے ترجمان نے بتایا کہ کل بارہمولہ ضلع کے راج پورہ سوپور علاقے میں ایک کارروائی کے دوران ایک نامعلوم دہشت گرد ہلاک ہوگیا تھا۔x

## J&K Delegation

جموں وکشمیر کی سِکھ تال میل کمیٹی کا ایک وفد اپنے چیئرمین ایس اجیت سنگھ کی قیادت میں آج جموں کے راج بھون میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملا۔ وفد نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سِکھ برادری کی تشویش کے بہت سے معاملات کو اجاگر کرتے ہوئے مطالبات کا ایک منشور پیش کیا۔ جو معاملات اٹھائے گئے اُن میں پہاڑی نسلی

گروپ میں اہل سِکھ آبادی کی شمولیت، پنجابی لیگ کا فروغ اور سرینگر میں مہاراجہ رنجیت کے ایک مجسّمے کی تنصیب کا معاملہ شامل ہے۔x

## PM Condolence

وزیر اعظم نریندر مودی نے فلمی شخصیت دلّی گنیش کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے اپنے پیغام میں کہا کہ آزمودہ کارتمل اداکار کو بے پناہ صلاحیتیں حاصل تھیں۔ انھوں نے کہا کہ اُنھیں اُن کے ہر اُس کردار اور اُس اہلیت کی گہرائی کیلئے یاد رکھا جائے گا جس کے ذریعے انھوں نے کئی نسلوں کے ناظرین کے ساتھ رابطہ قائم کیا۔ گنیش کا انتقال کل چنئی میں اُن کی رہائش گاہ پر ہوگیا تھا۔x

## Haryana Dayanand Saraswati

ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے نوجوان نسل سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ سماجی مصلح اور آریہ سماج کے بانی مہارشی دیانند سرسوتی کی تعلیمات پر عمل کریں تاکہ بھارت کو ایک عالمی قائد کے طور پر اپنا مقام دوبارہ حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔ وزیر اعلیٰ، کروکیشتر میں آریہ مہا سمیلن سے خطاب کر رہے تھے۔

1102100- Nayab Singh Saini-21 sec

جناب سینی نے مذہب، سماج اور ملک کے تئیں آریہ سماج کی زبردست خدمات کیلئے اُس کی تعریف کی۔ x

## Delhi Pollution

دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی اب بھی ''بہت خراب'' کے زمرے میں ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں آج رات 8 بجے کو ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ 336 ریکارڈ کیا گیا۔ اِدھر بھارتی موسمیات محکمے نے دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں اگلے دو سے تین دن تک رات اور صبح کے اوقات میں دھواں اور دھند چھائے رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ x

## Ukraine Russia Attack

روس اور یوکرین نے رات بھر ایک دوسرے پر ابھی تک کے سب سے زیادہ حملے کئے ہیں۔روس نے کل رات 145 ڈرون داغے، جو جنگ شروع ہونے سے اب تک، ایک ہی رات میں کئے گئے سب سے زیادہ حملے ہیں۔ یوکرین نے آج ماسکو خطے کی جانب 34 ڈرون داغے جن کی ابھی تک کوئی مثال نہیں ملتی۔ 2022 میں جب سے یہ جنگ شروع ہوئی ہے، روس کی راجدھانی پر ڈرون کا یہ سب سے بڑا حملہ ہے، جس کی وجہ سے شہر کے تین بڑے ہوائی اڈّوں سے پروازوں کا رُخ تبدیل کرنا پڑا ہے۔ اِن حملوں میں کم سے کم ایک شخص زخمی ہوا ہے۔ البتہ کسی بڑے نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ روس کی وفاقی فضائی ٹرانسپورٹ ایجنسی نے کہا کہ Domodedovo، Sheremetyevo اور Zhukovsky ہوائی اڈوں نے پروازوں کا رُخ تبدیل کیا ہے۔ روس کے ہوا باز نگراں

ادارے نے بتایا کہ اِن ہوائی اڈّوں سے پروازیں دوبارہ شروع ہوگئی ہیں۔
ڈرون کا یہ حملہ روس کے صدر ولادیمیر پتن کی طرف سے شمالی کوریا کے ساتھ ملک کی دفاعی شراکت داری کے بارے میں ایک سمجھوتے پر دستخط کئے جانے کے بعد کیا گیا ہے۔
یوکرین کے صدر Volodymyr زیلنسکی نے ایک سوشل میڈیا پلیٹ فارم میں کہا کہ ہفتے کے دوران روس نے 800 سے زیادہ گائیڈڈ فضائی بم تقریباً 600 حملہ آور ڈرون اور مختلف قسم کے تقریباً 20 میزائل استعمال کئے ہیں۔x

## Srilanka INS

بھارتی بحریہ کی آبدوز INS-Vela آج تین روزہ دورے پر کولمبو پہنچ گئی۔ آبدوز کو سری لنکا بحریہ نے باقاعدہ استقبالیہ دیا۔ دورے کے دوران، آبدوز کے عملے اور سری لنکا بحریہ کے عملے کے درمیان ٹیم سازی کی بہت سی مشقیں کی جائیں گی۔INS-Vela، ملک ہی میں تیار کی گئی کلوَری زمرے کی، ڈیزل-الیکٹرک آبدوز ہے جسے نومبر 2021 میں بھارتی بحریہ میں شامل کیا گیا تھا۔x

## Cricket IND-SA

کرکٹ میں، جنوبی افریقہ کے Gqeberha میں سینٹ جارج پارک میں جاری چار ٹی-ٹوینٹی میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کے سامنے 125 رنوں کا ہدف رکھا ہے۔ بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 20 اوور میں 6 وکٹ پر 124 رن بنائے ہیں۔اس سے پہلے ٹاس جیت کر جنوبی افریقہ نے گیندبازی کا فیصلہ کیا۔ کرکٹ کی اس مختصر ترین فارمیٹ میں بھارتی ٹیم اپنے شاندار فارم کو برقرار رکھنے کے متمنی ہیں، جمعہ کے روز سیریز کے اوپننگ میچ میں بھارت نے میزبان ٹیم کو 61 رنوں سے شکست دی تھی۔x

## Hockey

خواتین کے ایشیائی ہاکی چمپئن ٹرافی 2024 کیلئے تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ بہار کے نالندہ ضلع میں راجگیر بین الاقوامی سیاحتی مقام پر کل شروع ہوگا۔وزیر اعلیٰ نتیش کمار کل شام اِن دس روزہ کھیل مقابلوں کا افتتاح کریں گے۔بہار کھیل کود اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل رونِدرن سنکرن نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، حصہ لینے والی چھ ٹیموں کے جوش وخروش کے بارے میں اظہارِ رائے کیا۔ انھوں نے یقین دلایا کہ شائقین کو اِس پورے ٹورنامنٹ میں سنسنی خیز میچ دیکھنے کو ملیں گے۔

S/B DG Sport Bihar Ravindran Snkaran

بھارت کے علاوہ ایشیا کی سرکردہ ہاکی ٹیمیں جن کا تعلق چین، جاپان، ملیشیا، کوریا اور تھائی لینڈ سے ہے، اِن کھیل مقابلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ مقابلے 20 نومبر کو ختم ہوں گے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆